الٰہی خیر گردانی بحق شاہِ جیلانی

چہل کافی کے اعمال

امام الاولیاء غوث صمدانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نور اللہ مرقدہٗ سے منسوب عمل جو ہر قسم کے جادو اور جنات کا خاص توڑ ہے اور ہر دنیاوی حاجت کے لئے ایک مجرب عمل ہے۔ نیز دشمنوں، جادوگروں، شیاطین و جنات کے خلاف مضبوط ڈھال ہے۔ اور جسمانی امراض کے لئے بھی مفید ہے۔

الشیخ مفتی آصف سعید قادری شاذلی

نور القرآن اسلامک اکیڈمی
کراچی۔ پاکستان

پیر طریقت حکیم صوفی الشیخ

طارق احمد شاہ عارف

عثمانی، قادری، جہانگیری، شاذلی

المعروف میاں حضور





عالمی مزہبی روحانی اسکالر

الشیخ آصف سعید

قادری شاذلی

whatsApp&Viber

00923212782540

زیر سرپرستی۔ پیرِ طریقت حکیم صوفی الشیخ

طارق احمد شاہ عارف

عثمانی، قادری، چشتی، قلندری، سہروردی، ابوالعلائی، نقشبندی، مجددی،
مداری، شطاری، فردوسی، نظامی، صابری، جہانگیری، شاذلی مدظلہ العالی

زیر نگرانی۔ عالمی مزہبی روحانی اسکالر الشیخ

آصف سعید قادری شاذلی

اہتمام۔ طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک
کراچی۔ پاکستان

طالب دعا: میاں منور قادری شاذلی

چہل کاف

کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃً

کِفْکَا فُھَا کَکَمِیْنٍ کَانَ مِنْ کَلَکَ

تَکِرُّ کَرًّا کَکَرِّ الْکَرِّ فِیْ کَبَدٍ، تَجَلّٰی

مُشَکْشَکَۃً کَلُکْلُکٍ لَّکَکَا، کَفَاکَ

مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافُ کُرْبَتَہٗ،یَاکَوْکَبًا

کَانَ تَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلَکِ،

(1)

1۔ برائے برکت غلہ کاغذ پر لکھ کر غلہ میں رکھیں۔

2۔ برائے دفع امراض سات روز تک مریض پر

پڑھ کر پھونکے اور تعویز بنا کر بازو پر باندھے۔

3۔ برائے دفع سنگرہنی وضعف معدہ لکھ کر نہار مونہہ کھائے۔

4۔ برائے درد کمر روئی پر پھونک کر چہل کاف شریف کو کھائے۔

5۔ برائے آسیب۔ کسی عورت کو آسیب کا خلل ہو اور قے

آتی ہو اُس کو چہل کاف شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھول سونگھائے۔

6۔ برائے ادائیگی قرض غسل کر کے ۲۱ بار روز چہل کاف شریف پڑھا کرے۔

7۔ چاروں طرف پڑھ کر چہل کاف شریف پھونکے لونڈی غلام بھاگا ہوا آجائیگا۔

8۔ برائے درد شکم و درد کمر لکھ کر اور تعویذ بنا کر کمر میں باندھے۔

9۔ برائے تسخیر عامہ ریشمی کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

10۔ برائے مہربان حاکم ظالم۔ سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے حاکم ظالم کے روبرو جائے۔

11۔ برائے اطاعت محبوب۔ کبوتر کے خون سے لکھ کر جسکو چاہتا ہو اُس کے گھر میں گاڑ دے۔

12۔ برائے عداوت ونفاق۔ کھاری نمک پر پڑھ کر سات مرتبہ جسکے گھر میں ڈالدے اُس گھر میں روز بروز نفاق وعداوت بڑھے گی مگر ایسا کرنا ٹھیک نہیں کرنے والے کو کسی دوسری طرح اسکی سزا ملتی ہے۔

13۔ برائے تپ ولرزہ لکھ کر اور تعویز بنا کے تپ لرزہ والے کے بازو پر باندھے۔

14۔ اگر کوئی شخص راستہ بھول گیا ہو تو اُسکو چاہیے سات مرتبہ چہل کاف شریف پڑھے۔

15۔ برائے رفع سرخی چشم۔ پڑھ کر سات مرتبہ دم کردے۔

16۔ برائے زیادتی موئے سر۔ سات مرتبہ پڑھ کر اور کنگھی پر دم کر کے سر میں کنگھی کرو۔

17۔ برائے آسیب زدہ۔ کڑوے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر بدن پر ملیں۔

18۔ برائے درد سر لکھ کر اور تعویز بنا کر سر میں باندھے۔

19۔ برائے زیادتی روشنی چشم۔ شب جمعہ کو پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر آنکھوں میں لگائے۔

20۔ برائے درد دنداں وگردن وگلو۔ لکھ کر اور تعویز بنا کر باندھے۔

21۔ برائے دفع درد ہفت اندام۔ جوڑوں میں درد ہو تو ہرن کی جھلی
پر لکھ کر اور تعویز بنا کر بازو پر باندھے۔

22۔ برائے دفع بواسیر خونی و بادی پوست گربہ پر لکھ کر گلے میں باندھے۔

23۔ برائے تپ دق۔ چینی کی تشری سفید نمک پر لکھ کر سات
دن تک برابر پانی سے دھو کر پلائے۔

24۔ برائے درد شکم سات مرتبہ نمک پر پڑھ کر دم کرے اور درد شکم والے کو کھلائے۔

25۔ برائے مقہوری دشمن شب دوشنبہ کو پرانی قبر میں بیٹھ کر ۴۰ بار پڑھے دشمن تباہ ہوگا
مگر خوامخواہ ذرا سی ناراضی پر ایسا نہ کرے سخت درجہ کی لاچاری میں ایسا کریں
ورنہ جہاں تک ممکن ہو صبر کرے اور اللہ کے سپرد کرے۔

26۔ برائے مہربانی بادشاہ۔ لکھکر پگڑی میں رکھے اور بادشاہ کے روبرو جائے انشاء اللہ مہربان ہوگا۔

27۔ برائے رہائی قیدی۔ گیہوں کی روٹی پر لکھ کر قیدی کو کھلائے۔

28۔ برائے شفائے مریض۔ شنگرف سے لکھ کر مریض کو کھلائے۔

29۔ برائے فرزند نرینہ سیاہی سے لکھکر ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد مریض کو کھلائے اور صحبت کرے۔

30۔ برائے دفع احتلام و وسوسہ شیطانی۔ شب یکشنبہ کو دس مرتبہ ہمیشہ پڑھا کرے۔

31۔ برائے دفع مرگی۔ بکری کے خون سے پیپل کے پتے پر لکھ کر چالیس دن مرگی والے کو چٹائے اور سات مرتبہ اسپر پڑھ کر بلا ناغہ دم کیا کرے۔

32۔ برائے رتوندی چشم۔ آنکھ پر سات دفعہ روز پڑھ کر دم کرے۔

33۔ برائے باد شکم۔ سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پلائے۔

34۔ اس دعا چہل کاف شریف کے سات بار ہمیشہ پڑھنے سے عزیز خلائق کا ہوگا۔

35۔ برائے فتح یابی مقدمات عدالت میں جاتے وقت چہل کاف شریف سات مرتبہ پڑھ کر عدالت میں جانا چاہیے اور وہاں پہونچ کر پھر سات بار پڑھنا چاہیئے اور پھر حاکم کے روبرو جاتے وقت سات بار پڑھ کر اور اپنے اوپر دم کر کے سامنے جانا چاہیئے انشاء اللہ مقدمہ میں کامیاب ہوگا۔

نورالقرآن اسلامک اکیڈمی

طارقیہ روحانی سنٹر

الشیخ مفتی آصف سعید قادری شازلی طارقی

ایڈریس۔ جامع مسجد گلزار رسول ﷺ 9 بلاک D نیو سعید آباد

بلدیہ ٹاؤن کراچی (پاکستان)

Email:rohanicenter@gmail.com

Fb/muftiasifsaeedqadri

Whatsup&viber

00923212782540/00923422953425